Urdu

ہالٹن ایکویٹی، ڈائیورسٹی اور اِنکلوژن چارٹر

وِژن

سب کو شامل کرتا ایک ایسا معاشرہ جہاں افراد کی قدر و عزّت ہو اور اُن کو اپنی ممکنہ صلاحیتوں کے حصول کے مواقع مّیسّر ہوں۔

عزائم

١. ایسے محفوظ اور خیر مقدمی معاشروں کی حوصلہ افزائی جو تمام رہائشیوں کے تنوّع کو ظاہر کرے

٢. ہالٹن کے رہائشیوں کی ضروریات کی عکاسی کرتی حکمت ہائے عملی کے لئے مساوات و تنوّع اور شمولیت کے ہمہ جہت طرزِ خیال کی تکمیل

٣. فیصلہ سازی کے منصبوں پر متنوّع نمائندگی میں اضافہ

٤. تمام لوگوں کو تعلق رکھنے کا ایک جیسا احساس دلاتی جگہوں کا فروغ

٥. رہائشیوں کو خوداظہاری اور اپنی تمام تر صلاحیتوں کے استعمال کے لئے شرکت کے مواقع کی فراہمی

٦. متنوّع افراد و گروہوں کے درمیان یک جہتی و اتّحاد کو فروغ دیتے تعلقات بڑھانے کی حوصلہ افزائی

٧. نظام کے امتیازی سلوک اور رکاوٹوں کے اختتام کی حمایت

٨. پس ماندہ طبقات کو تعلیم، روزگار اور تربیت کے مواقع کی فراہمی

٩. معاشرہ کے تمام افراد کی قابلِ قدر شمولیت کا اعتراف

١٠. متنوّع رہائشیوں اور طبقات کی ضروریات کو شامل کرتی نیز اُن کی عکاس عوامی و معاشرتی خدمات کا فروغ

ایکویٹی، ڈائیورسٹی اور اِنکلوژن (ای ڈی آئی) چارٹر، مساوات تنوّع اور شمولیت جیسی اقدار کے بارہ میں عزم کا واضح اعلامیہ ہے۔

ای ڈی آئی چارٹر، ہالٹن کے رہائشیوں اور معاشرہ کے دیگر متعلقین کی آراء پر مبنی ایک جیتی جاگتی دستاویز ہے۔ یہ چارٹر، رہائشیوں کے تجربات کی حقیقت، نیز نظام کی رُکاوٹوں کو دُور کرنے اور شمولیت کے طرزِ عمل پر عبور پانے کے عزم کا عکاس ہے۔ اِس چارٹر کا مقصد ہالٹن کے رہائشیوں کو علاقہ میں مساوات، تنوّع اور شمولیت کے فروغ کے بارہ میں رہنمائی فراہم کرنا ہے۔

ہالٹن (کا علاقہ) برلنگٹن، ہالٹن ہلز، ملٹن اور اوو ک وِل جیسی پُرجوش و کثیر جہتی میونسپلٹیز پر مشتمل ہے۔ ہالٹن ایکویٹی اینڈ ڈائیورسٹی راؤنڈ ٹیبل (ایچ ای ڈی آر) نے رہائشیوں کو درپیش اہم مسائل کے بارہ میں جاننے کے لئے مشاورت کا اہتمام کیا تھا۔ (نتیجتاً) نشان دہی ہونے والی ترجیحات میں قابلِ رسائی ذرائع آمدورفت اور سستی رہائش شامل تھے۔ ظاہر ہونے والے خدشات کا تعلق غربت کے خلاف تعصب، نسل پرستی، ثقافتی آگاہی کی کمی نیز بڑھتے ہوئے اکیلے پن کی بناپر ہونے والے محدود احساسِ تعلق سے تھا۔

چارٹر کی توثیق کرنے سے افراد اور تنظیمیں اس بات کا عزم ظاہر کرتی ہیں کہ وہ تنوّع کو بذریعہ اتحاد سمجھنے، انٹرسیک شنیلٹی (معاشرہ کی مختلف بنیادوں پر درجہ بندی کی باہم مربوط شکل) کو مساوات کے ایک اہم پہلو کے طور پر دیکھنے اور ہالٹن کے تمام رہاشیوں کی قبولیت بذریعہ شمولیت منظور کرنے پر متفق ہیں۔

نام

تاریخ

تنظیم (اگر اطلاق ہو)